نسلی مساوات کے فروغ کے لئے
موجودہ اور منصوبہ بند اقدامات

محکمۂ مواصلات

محکمۂ مواصلات (سی اے)، محکمۂ مواصلات اعلامیہ (باب 616) کے تحت قائم کیا جانے والا ایک آزاد قانونی ادارہ ہے۔ یہ ہانگ کانگ کی نشریات اور ٹیلی مواصلات صنعتوں کے لئے ایک متحدہ انضباطی ادارہ ہے، جو مواصلات فرمان (باب 106)، نشریات فرمان (باب 562) اور نشریات (متفرق فراہمیاں) فرمان (باب 391) سمیت متعلقہ قانون سازی کو نافذ کرتا ہے۔

متعلقہ خدمات

- سی اے متعدد تعلیمی اور تشہیری پروگراموں کو متعارف کر کے عوام کو صارفین سے متعلق معلومات/مشورے فراہم کرتا رہا ہے۔

- سی اے، نسلی مساوات مسائل سمیت دیگر پہلوؤں کے تعلق سے ٹیلی ویژن اور ریڈیو پروگرام کے معیاروں سے متعلق ضابطۂ اخلاق کی عدم تعمیل کے حوالہ سے ٹیلی ویژن اور ریڈیو پروگراموں کے خلاف شکایتوں کا نمٹارا کرتا رہا ہے۔

موجودہ اقدامات

صارف تعلیم سے متعلق معلومات کی فراہمی

- صارفین سے متعلق تعلیمی معلومات، سی اے کی ایک تنفیذی شاخ، محکمۂ مواصلات کا دفتر (او ایف سی اے) کی ویب سائٹ (www.ofca.gov.hk) پر ہانگ کانگ کی دو سرکاری زبانوں (یعنی چینی اور انگریزی) میں دستیاب ہیں۔ مزید، پوچھ تاچھ کرنے، شکایتیں درج کرانے یا سی اے یا او ایف سی اے سے امداد چاہنے کے سلسلے میں مختلف نسل کے لوگوں کو رہنمائی فراہم کرنے کے لئے وقف ایک ویب صفحہ او ایف سی اے کی ویب سائٹ پر آٹھ زبانوں میں دستیاب ہے، یعنی، بھاشا انڈونیشیا، ہندی، نیپالی، پنجابی، ٹیگالوگ، تھائی، اردو اور ویتنامی۔ مختلف نسل کے لوگوں کو سی اے کے ذریعہ فراہم کی جانے والی صارفین سے متعلق معلومات تک زیادہ آسان رسائی کے قابل بنانے کے لئے، یہ ویب صفحہ ٹی وی اعلانات کے مشمولات اور مذکورہ بالا زبانوں میں مواصلات خدمات کے اسمارٹ استعمال سے متعلق صارفین کو مشورے دینے والا ایک ورقہ بھی دستیاب کراتا ہے۔

ٹیلی ویژن اور ریڈیو پروگراموں کے خلاف شکایتوں کا نمٹارا

سی اے نے ٹیلی ویژن اور ریڈیو پروگرام معیاروں پر ضابطۂ عمل جاری کیا ہے، جس میں یہ شرائط شامل ہیں کہ نشریات کا کوئی بھی لائسنس یافتہ اپنے پروگراموں میں کوئی ایسا مواد شامل نہ کرے جو ثقافت،

قومیت، نسل، صنف، صنفی رجحان، مذہب، عمر، سماجی حیثیت، یا جسمانی یا دماغی معذوری کی بنیاد پر کسی شخص(اشخاص) یا جماعت(جماعتوں) کے خلاف نفرت یا اس کے خوف، اور/یا ایسی چیز کی حوصلہ افزائی نہ کرے جو اس(ان) کے لئے توہین آمیز یا ذلت آمیز تصور کیا جائے۔ عوام الناس ضابطۂ عمل کی عدم تعمیل پر ناشرین کے خلاف سی اے کے یہاں شکایت دراج کر سکتے ہیں۔ شکایات انگریزی یا چینی میں کی جا سکتی ہیں اور سی اے نے مختلف نسل کے حاجت مند لوگوں کی مدد کرنے کے لئے ترجمانی کی سہولیات دستیاب کرا رکھی ہیں۔ ٹیلی ویژن یا ریڈیو پروگراموں سے متعلق سی اے کے یہاں کی گئی سبھی شکایتوں پر نشریات (متفرق فراہمیاں) اعلامیہ (باب 391) کے موافق تسلیم شدہ میکانزم اور طریقہ ہائے کار کی مطابقت میں عمل کاری کی جائے گی۔ اگر کوئی معاملہ دلائل سے ثابت پایا جاتا ہے تو، سی اے خلاف ورزی کی شدت کے اعتبار سے سزا دے گا۔

مستقبل کے کام کی تشخیص

- مختلف نسل کے لوگوں کو صارفین سے متعلق تعلیم اور صارفین سے متعلق معلومات تک مساوی رسائی کو فروغ دینے کے لئے، ہم درج ذیل اقدامات نافذ کریں گے:

  - متعلقہ تعلیمی معلومات کو ایسی زبان(زبانوں) میں دستیاب کرانے کے لئے مزید کوششیں کی جائیں گی جو مختلف نسل کے لوگوں کو سمجھ میں آتی ہو۔

  - جب ٹیلی مواصلات خدمت مختلف نسل کے لوگوں سمیت عوام کے ذریعہ مقبول طور پر استعمال کی جائے گی تو، صارفین سے متعلق تعلیمی معلومات صارفین کی بڑی ہدف والی جماعت(جماعتوں) کی زبان(زبانوں) میں فراہم کی جائیں گی۔

کیے گئے/کیے جانے والے اضافی اقدامات

- سی اے نے بڑے ٹیلی مواصلات آپریٹروں سے رابطہ کیا ہے اور اسے یہ بات معلوم ہوئی ہے کہ وہ مختلف نسل کے لوگوں کے لئے، ٹیلی مواصلات خدمات تک ان کی رسائی حاصل کرنے کے سلسلے میں، مساوات کو فروغ دینے کے لئے متعدد اقدامات کر رہے ہیں۔

  - سی اے ٹیلی مواصلات آپریٹروں کے موجودہ اقدامات کی تاثیر کی نگرانی کرتا رہے گا۔

  - ضرورت پڑنے پر، سی اے مختلف نسل کے لوگوں کو امداد فراہم کر رہی غیرسرکاری تنظیموں سے رابطہ کرے گا، تاکہ وہ پتہ لگا سکے کہ مختلف جماعتوں کے لوگوں کو ٹیلی مواصلات اور نشریات خدمات کے

بارے میں صارفین سے متعلق معلومات تک اپنے لئے قابل فہم زبان میں رسائی حاصل کرنے میں کیا پریشانیاں ہوتی ہیں۔

- سی اے، لائسنس یافتہ ٹیلی مواصلات اور نشریات کے آپریٹروں کی حوصلہ افزائی کرے گا کہ حسب ضرورت وہ مختلف جماعتوں کے لئے قابل فہم زبانوں میں ٹھیکہ، قیمت کی معلومات اور صارفین کا رہنما وغیرہ جیسی صارفین سے متعلق معلومات فراہم کریں۔

- سی اے اراکین عملہ کے متعلقہ تربیتی کورسوں اور تجربہ کے اشتراک کی نشستوں میں حاضر ہونے کا نظم کرے گا تاکہ نسلی مساوات سے متعلق ان کی آگہی، اور اس کے تئیں ان کی حساسیت کو فروغ دیا جا سکے۔

نسلی مساوات کے فروغ سے متعلق موجودہ اور منصوبہ بند اقدامات سے متعلق پوچھ تاچھ کے لئے، برائے مہربانی محترمہ سبینہ ڈبلیو یو، معاون عوامی معاملات منتظم 5 سے درج ذیل وسیلوں سے رابطہ کریں۔

ٹیلیفون نمبر : 2961 6777

فیکس نمبر : 2803 5110

ای میل : webmaster@ofca.gov.hk

ڈاک پتہ : ایف/29، وو چنگ ہاؤس، 213 کوینس روڈ ایسٹ، وان چائی، ہانگ کانگ

محکمۂ مواصلات
مئی 2023